

مجھے آپ کی تلاش ہے

- کیاآپ محنت کرنا جانتے ہیں؟ اتنی محنت کہ تیرہ چودہ گھنٹے دن میں کام کر سکیں۔
- کیاآپ سچ بولنا جانتے ہیں؟ اتنا کہ کسی صورت میں آپ جھوٹ نہ بول سکیں، آپ کے سامنے آپ کا گہرا دوست اور عزیز بھی جھوٹ نہ بول سکے، آپ کے سامنے کوئی اپنے جھوٹ کا بہادرانہ قصّہ سنائے تو آپ اس پر اظہار نفرت کیے بغیر رہ نہ سکیں۔
- کیاآپ جھوٹی عزت کے جذبات سے پاک ہیں؟ گلیوں میں جھاڑو دے سکتے ہیں؟ بوجھ اُٹھا کر گلیوں میں پھر سکتے ہیں؟ بلند آواز سے ہر قسم کے اعلان بازاروں میں کر سکتے ہیں؟ سارا سارا دن پھر سکتے ہیں اور ساری ساری رات جاگ سکتے ہیں؟
- کیاآپ اعتکاف کر سکتے ہیں؟ جس کے معنی ہوتے ہیں ایک جگہ دنوں بیٹھ رہنا۔ گھنٹوں بیٹھے وظیفہ کرتے رہنا۔ گھنٹوں اور دنوں کسی انسان سے بات نہ کرنا۔
- کیاآپ سفر کر سکتے ہیں؟ اکیلے اپنا بوجھ اُٹھا کر، بغیر اس کے کہ آپ کی جیب میں کوئی پیسہ ہو؟ دشمنوں اور مخالفوں میں، ناواقفوں اور ناآشناؤں میں؟ دنوں، ہفتوں، مہینوں؟
- کیاآپ اس بات کے قائل ہیں کہ بعض آدمی ہر شکست سے بالا ہوتے ہیں؟ وہ شکست کا نام سننا پسند نہیں کرتے، وہ پہاڑوں کو کاٹنے کے لیئے تیار ہو جاتے ہیں، وہ دریاؤں کو کھینچ لانے پر آمادہ ہو جاتے ہیں؟ اور کیاآپ سمجھتے ہیں کہ آپ اس قربانی کے لیے تیار ہو سکتے ہیں؟
- کیاآپ میں ہمت ہے کہ سب دنیا کہے "نہیں" اور آپ کہیں "ہاں"؟ آپ کے چاروں طرف لوگ "نہیں" کہیں اور آپ سنجیدگی قائم رکھیں؟ لوگ آپ کے پیچھے دوڑیں اور کہیں "ٹھہر تو جا، ہم تجھے ماریں گے" اور آپ کا قدم دوڑنے کے بجائے ٹھہر جائے اور آپ اُس کی طرف سر جھکا کر کہیں "لو، مار لو"؟
- آپ کسی کی نہ مانیں، کیونکہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں، مگر آپ سب سے منوالیں کیونکہ آپ سچ بولتے ہیں۔
- آپ یہ نہ کہتے ہوں کہ "میں نے محنت کی، مگر خدا تعالیٰ نے مجھے ناکام کر دیا" بلکہ ہر ناکامی کو اپنا قصور سمجھتے ہوں۔ آپ یقین رکھتے ہوں کہ جو محنت کرتا ہے کامیاب ہوتا ہے اور جو کامیاب نہیں ہوتا اس نے محنت ہر گز نہیں کی۔
- اگر آپ ایسے ہیں تو آپ اچھا مبلغ اور اچھا تاجر ہونے کی قابلیت رکھتے ہیں، مگر آپ ہیں کہاں؟ خدا کے ایک بندے کو آپ کی دیر سے تلاش ہے۔
- اے احمدی نوجوان! ڈھونڈ اس شخص کو اپنے صوبے میں، اپنے شہر میں، اپنے محلہ میں، اپنے دل میں کہ اسلام کا درخت مرجھا رہا ہے۔

(المصلح موعودؓ)



JE SUIS À VOTRE RECHERCHE

- Savez-vous ce que signifie travailler dur ? Travailler si dur que vous travaillez jusqu'à 13-14 heures par jour ?

- Savez-vous dire la vérité ? Quelle que soit la situation, vous ne pourrez jamais mentir. Même vos amis et vos proches n'osent pas mentir en face de vous. Si quelqu'un raconte une fausse histoire sur la bravoure d'une personne, vous ne pourrez pas vous empêcher de manifester votre dégoût.

- Êtes-vous libre de toute fausse estime de soi ? Pouvez-vous balayer les rues ?Pouvez-vous marcher dans les rues avec des poids sur les épaules ? Pouvez-vous, d'une voix forte, faire diverses annonces dans les lieux publics ? Pouvez-vous marcher toute la journée et rester éveillé toute la nuit ?

- Pouvez-vous faire l'tikaaf, c'est-à-dire : rester assis au même endroit pendant plusieurs jours ; rester assis pendant des heures à prier et s'abstenir de parler à qui que ce soit pendant des heures et des jours.

- Êtes-vous capable de voyager ? Seul, transportant vos propres bagages et sans argent en poche, parmi des ennemis et des adversaires, parmi des étrangers et des personnes inconnues, pendant des jours, des semaines et des mois ?

- Acceptez-vous qu'il existe des personnes qui soient au-dessus de tout type de défaite ? Elles n'aiment même pas entendre le mot « défaite ». Elles sont prêtes à franchir des montagnes, elles sont prêtes à retenir le flot des rivières. Pensez-vous que vous puissiez être prêts à un tel sacrifice ?

- Avez-vous le courage de dire « OUI » quand le monde entier te dit « NON » ? Tous les gens autour de vous se moquent de vous, mais vous restez calme. Les gens courent après vous et vous disent : « Attendez, nous allons vous tuer » et, au lieu de fuir, vous vous arrêtez et, avec une grande humilité, vous dites : « Me voici, tuez-moi ».

- Vous ne faîtes pas confiance aux gens, car vous savez que les gens profèrent des mensonges, mais tout le monde doit avoir confiance en vous car ils savent que vous êtes véridique.

- Vous ne dites pas « J'ai travaillé dur, mais Dieu le Tout-puissant m'a fait échouer ». Au lieu de cela, à chaque échec, vous vous blâmez vous-même. Vous devez croire fermement que celui qui travaille dur réussira et que celui qui ne réussit pas n'a pas travaillé dur du tout.

- Si vous êtes comme cela, vous avez le potentiel pour être un bon prédicateur et un bon commerçant. Mais où es-tu ? Un homme de Dieu est à votre recherche depuis très longtemps.

- Ô jeunes de l'Ahmadiyyat ! Cherchez cette personne dans votre province, dans votre ville, dans votre entourage et dans vos cœurs, car l'arbre de l'islam est en train de se dessécher et ce n'est qu'avec son sang qu'il fleurira à nouveau

(Al Muslah-e-Maud RA)